تصرف میں تیرے ہیں سب کیف و کم حکایاتِ سود و زیاں سے گزر
عبث ہے تمنائے نام و نشاں تمنائے نام و نشاں سے گزر
حوادث میں گم ہو مصائب سے کھیل مقاماتِ امن و اماں سے گزر
تو ہر رہروِ شوق کا ساتھ دے مثالِ جرس کارواں سے گزر
کمالِ محبت ہے سوزِ دروں روایاتِ آہ و فغاں سے گزر
نشیب و فرازِ جہاں کچھ نہیں نشیب و فرازِ جہاں سے گزر
میسر نہیں مے تو پی خونِ دل عنایاتِ پیرِ مغاں سے گزر
نہ ہو پائے بندِ غم و انبساط! طلسمِ بہار و خزاں سے گزر
ترے واسطے لالہ و گل نہیں مہ و انجم و کہکشاں سے گزر

عمل سے ہے تاباں شرارِ حیات
فرارِ نفس ہے قرارِ حیات

قطعات

جناب ظہور سیوہاروی

آرزو

عہدِ رفتہ کا ہر سماں اے دوست چاہتا ہوں کہ خواب ہو جائے
اس طرح جیسے رقص و مستی میں نعرۂ انقلاب کھو جائے

(۲)

فریبِ تصور

یہ گلستاں یہ منظرِ خوش رنگ یہ بہار و شباب کا عالم
سب طلسمِ خیال ہے اے دوست سارا عالم ہے خواب کا عالم